11نومبر2020ء

2020ء کی پہلی ششماہی میں بینکاری کے شعبے کی کارکردگی اور لچکداری اطمینان بخش رہی: پہلی ششماہی میں شعبہ بینکاری کی کارکردگی کا جائزہ

بینک دولت پاکستان نے آج بینکاری کے شعبے کے متعلق سال2020ء کی پہلی ششماہی کی کارکردگی کا جائزہ جاری کر دیا ہے۔ جائزے میں جنوری تا جون2020ء(پہلی ششماہی سال2020ء) کی مدت کے لیے شعبہ ٔبینکاری کی کارکردگی اور صحت کا جامع انداز میں احاطہ کیا گیا ہے۔

جائزے سے پتہ چلتا ہے کہ کورونا وائرس کی وبا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اقتصادی دباؤ کے باوجود شعبہ ٔبینکاری کے اثاثوں میں 2020ء کی پہلی ششماہی کے دوران 7.8 فیصد کی معقول نمو دیکھی گئی۔ سرمایہ کاریوں میں تیزی سے اضافے کی فنڈنگ ڈپازٹس میں اضافے سے کی گئی جو نمو کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کے مقابلے میں وبا پھیلنے کے بعد کاروباری سرگرمیوں میں تعطل کے باعث اقتصادی مشکلات کے سبب قرضوں میں معتدل کمی ہوئی۔ تاہم اسٹیٹ بینک کے اعانتی اقدامات کے بغیر قرضوں میں کمی کی سطح اس سے کہیں زیادہ بلند ہو سکتی تھی۔

جائزے میں اجاگر کیا گیا ہے کہ اسٹیٹ بینک کے پالیسی اقدامات سے سرمائے کے تحفظ، قرض دینے کی صلاحیت بڑھانے اور نقصان جذب کرنے کی صلاحیت میں اضافے میں سہولت ملی۔ اس کے نتیجے میں خطرۂ قرض میں کچھ اضافے کے باوجود شعبہ ٔبینکاری کی نفع یابی بہتر ہوئی اور لچکداری میں اضافہ ہو گیا۔ غیر فعال قرضوں (این پی ایلز) کا حجم دسمبر 2019ء کے اختتام پر 8.6 فیصد تھا، جو آخر جون2020ء میں بڑھ کر 9.7 تک پہنچ گیا۔ تاہم خالص غیر فعال قرض تا قرضہ تناسب، جو قرض کا خطرہ ماپنے کا بہتر ذریعہ ہے، 1.7 فیصد سے صرف تھوڑا سا بڑھ کر 1.9 فیصد ہو گیا۔ آمدنی میں نمایاں بہتری ہوئی کیونکہ منافع میں 52 فیصد سال بسال اضافہ ہوا۔ اس بہتری کے اسباب میں بلند سودی آمدنی، سودی خرچوں میں کمی اور غیر سودی آمدنی میں اضافہ شامل تھے۔ بہتر منافع کے ساتھ بینکاری شعبے کی لچکداری میں مزید پختگی آئی کیونکہ شرح کفایت سرمایہ (سی اے آر) کا حجم دسمبر2019ء کے 17.0 فیصد سے بڑھ کر جون2020ء میں 18.7 فیصد تک پہنچ گیا۔

جولائی تا اگست2020ء میں منعقدہ اسٹیٹ بینک کے نظامیاتی خطرے کے سروے کی چھٹی لہر کے نتائج بھی اس جائزے میں شامل ہیں، جو منڈی کے فریقوں کی آرا کے عکاس ہیں۔ سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ–فی الوقت اور آئندہ چھ ماہ تک– سروے کے شرکا عالمی خطروں اور ملکی معیشت کے خطرات کو اہم سمجھتے ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے کورونا وائرس کے اثرات کم کرنے لیے کیے گئے اقدامات کو متعلقہ فریقوں نے سراہا۔

یہ رپورٹ ویب سائٹ کے درج ذیل لنک پر دستیاب ہے:

https://www.sbp.org.pk/publications/HPR/H1CY20.pdf

****